## A

Common Entrance Test- 2021 for Admission

in to PG Courses in URDU

-1 بے ترتیبی کس صنف نثر کی خصوصیت ہے؟

(A) افسانہ　(B) ناول

(C) انشائیہ　(D) سفرنامہ

-2 'حبِ وطن' کس کی نظم ہے؟

(A) ابوالکلام آزاد　(B) میر تقی میرؔ

(C) جوش ملیح آبادی　(D) خواجہ الطاف حسین حالی

-3 'گزرا ہوا زمانہ' کس کا لکھا ہوا مضمون ہے؟

(A) سرسید　(B) شبلی

(C) حالی　(D) نذیر احمد

-4 'گرم کوٹ' کس کا افسانہ ہے؟

(A) کرشن چندر　(B) پریم چند

(C) راجندر سنگھ بیدی　(D) عصمت چغتائی

-5 فورٹ ولیم کالج کب قائم ہوا؟

(A) 1850　(B) 1750

(C) 1802　(D) 1800

-6 'خاقانی ہند' کا خطاب کس شاعر کو ملا تھا؟

(A) سوداؔ　(B) ذوقؔ

(C) انشاؔ　(D) مومنؔ

-7 'تصویرِ درد' کا خالق کون ہے؟

(A) اقبالؔ　(B) جوشؔ ملیح آبادی

(C) جگرؔ مرادآبادی　(D) نظیرؔ اکبرآبادی

-8 'سرخ سویرا' کس کا مجموعۂ کلام ہے؟

(A) فیض احمد فیضؔ　(B) مخدومؔ محی الدین

(C) فراقؔ گورکھپوری　(D) ساحرؔ لدھیانوی

9- 'خدائے سخن' کے نام سے کسے جانا جاتا ہے؟

(A) غالبؔ (B) اقبالؔ

(C) میر (D) مومنؔ

10- 'انارکلی' کس کا ڈرامہ ہے؟

(A) امانتؔ لکھنوی (B) محمد مجیب

(C) آغا حشر کاشمیری (D) امتیاز علی تاج

11- 'اڑیسہ میں اردو' کے مصنف کا نام بتائیے؟

(A) حفیظ اللہ نیولپوری (B) کرامت علی کرامت

(C) امجد نجمی (D) ڈاکٹر اسلم

12- 'پنجاب میں اردو' کس کی کتاب ہے؟

(A) مسعود حسین خاں (B) عبدالستار صدیقی

(C) محمود شیرانی (D) رشید حسن خاں

13- محمد حسین آزاد نے اردو شاعری کا 'باوا آدم' کسے کہا ہے؟

(A) سراج اورنگ آبادی (B) نظامی بیدری

(C) ہاشمی بیجاپوری (D) ولی دکنی

14- 'چند ہم عصر' کا مصنف کون ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) نذیر احمد

(C) اقبال (D) پریم چند

15- 'غزل اردو شاعری کی آبرو ہے' یہ کس کا قول ہے؟

(A) عبدالستار صدیقی (B) رشید احمد صدیقی

(C) عرفان صدیقی (D) عبدالسلام صدیقی

16- ذیل میں سے کون سا مجموعہ مشتاق احمد یوسفی کا ہے؟

(A) دیوارِ قہقہہ (B) خنداں

(C) آبِ گم (D) مسڈ کال

17- ذیل میں سے کون سا مضمون پطرس کا نہیں ہے؟

(A) مرید پور کا پیر (B) مرحوم کی یاد میں

(C) بے تکلفی (D) کتے

-18 'بدلی کا چاند' کس شاعر کی نظم ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی (B) اقبالؔ

(C) فیض احمد فیضؔ (D) میرا جی

-19 نظم 'نیا شوالہ' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(A) نفرت (B) دولت

(C) محبت (D) نجات

-20 'حج اکبر' میں پریم چند نے کس عمل کو سب سے بڑا حج قرار دیا ہے؟

(A) خانۂ کعبہ کی خدمت کرنا (B) انسانیت کی خدمت کرنا

(C) جانوروں سے محبت کرنا (D) بچوں سے محبت کرنا

-21 اردو کا تعلق زبانوں کے کس خاندان سے ہے؟

(A) ہند آریائی (B) دراوڑی

(C) سامی (D) عبرانی

-22 'مرزا ظاہر دار بیگ' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) بستی (B) فائر ایریا

(C) اور انسان مر گیا (D) توبۃ النصوح

-23 'دار المصنفین' کہاں واقع ہے؟

(A) آگرہ (B) دہلی

(C) اعظم گڑھ (D) اجمیر

-24 شمس الرحمن فاروقی کس حیثیت سے زیادہ مشہور تھے؟

(A) افسانہ نگار (B) تنقید نگار

(C) ناول نگار (D) نظم نگار

-25 غزل کا ہر شعر معنوی اعتبار سے ۔۔۔۔۔ ہوتا ہے؟

(A) جداگانہ (B) مسلسل

(C) پیچیدہ (D) مربوط

-26 'مصورِ غم' کسے کہا جاتا ہے؟

(A) میر تقی میرؔ (B) فانی بدایونی

(C) راشد الخیری (D) بیگانہ

27- اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

بے سبب زلزلہ عالم میں نہیں آتا ہے کوئی بے تاب تہِ خاک تڑپتا ہوگا

(A) تجاہلِ عارفانہ (B) ایہام

(C) تشبیہ (D) حسنِ تعلیل

28- دارالترجمہ کہاں قائم ہوا تھا؟

(A) جامعہ عثمانیہ (B) جامعہ ملیہ اسلامیہ

(C) کٹک (D) ایم اے او کالج

29- مرثیہ کس کے خاندان کی روایت میں شامل تھا؟

(A) مرزا دبیرؔ (B) سوداؔ

(C) میر انیسؔ (D) جوشؔ ملیح آبادی

30- فورٹ ولیم کالج کی سب سے مشہور کتاب کا کیا نام ہے؟

(A) باغ و بہار (B) فسانۂ عجائب

(C) نوطرزِ مرصع (D) غبارِ خاطر

31- اردو کے سب سے پہلے صاحبِ دیوان شاعر کا نام ہے؟

(A) ولی دکنی (B) قلی قطب شاہ

(C) نظامی بیدری (D) ہاشمی بیجاپوری

32- ''دھنیا'' کس کے ناول کا کردار ہے؟

(A) کرشن چندر (B) حیات اللہ انصاری

(C) خواجہ احمد عباس (D) پریم چند

33- 'نذیر احمد کی کہانی کچھ میری اور کچھ ان کی زبانی' کے مصنف ہیں؟

(A) فرحت اللہ بیگ (B) مولوی عبدالحق

(C) رشید احمد صدیقی (D) قدرت اللہ شوق

34- مسدس کے ایک بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) تین (B) چار

(C) پانچ (D) چھ

35- 'شاہین' کس شاعر کا محبوب استعارہ ہے؟

(A) چکبست (B) اکبر الہ آبادی

(C) اقبال (D) مخدوم

36- غالبؔ کے ہم عصر شاعر کا نام ہے؟

(A) میر تقی میرؔ (B) مومن خاں مومنؔ

(C) خواجہ میر دردؔ (D) اقبال

37- اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) ترکی (B) عربی

(C) فارسی (D) عبرانی

38- نظیر اکبرآبادی کی شاعری کا موضوع کیا ہے؟

(A) اصلاحی (B) سیاسی

(C) مشترکہ تہذیب (D) انقلابی

39- پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟

(A) برج نرائن (B) بسنت رائے

(C) نگم رائے (D) دھنپت رائے

40- غالبؔ کا سنہ وفات کیا ہے؟

(A)1867 (B)1967

(C)1868 (D)1879

41- مطلع کسے کہتے ہیں؟

(A) غزل کا دوسرا شعر (B) غزل کا پہلا شعر

(C) غزل کا آخری شعر (D) غزل کا خراب شعر

42- منٹو کی کہانی کا نام ہے؟

(A) کالو بھنگی (B) کفن

(C) آنندی (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ

43- شاعرِ انقلاب کسے کہا جاتا ہے؟

(A) حالی (B) اقبال

(C) جوش (D) آرزو

44- 'اسباب بغاوتِ ہند' کس کی تصنیف ہے؟

(A) سر سید احمد خاں (B) علامہ شبلی نعمانی

(C) حالؔی (D) ذکاء اللہ

45- میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

(A) علی گڑھ (B) آگرہ

(C) دہلی (D) لکھنؤ

46- کھڑی بولی کس علاقہ سے تعلق رکھتی ہے؟

(A) مغربی یو پی سے (B) روہیل کھنڈ سے

(C) بہار سے (D) اودھ سے

47- نعت کسے کہتے ہیں؟

(A) حضرت علی کی تعریف (B) خدا کی تعریف

(C) ولی کی تعریف (D) رسول کی تعریف

48- 'مسجدِ قرطبہ' کس کی نظم ہے؟

(A) چکبست (B) نظیر اکبر آبادی

(C) اقبال (D) شبلی

49- قافیہ کسے کہتے ہیں؟

(A) شعر کے پہلے مصرے کا پہلا لفظ (B) ہم آہنگ اور ردیف سے پہلے آنے والا لفظ

(C) دوسرے مصرعے کا آخری لفظ (D) وہ لفظ جس کی تکرار ہر شعر میں ہو

50- دیہی زندگی پر کس نے افسانے لکھے؟

(A) کرشن چندر (B) علی عباس حسینی

(C) منٹو (D) پریم چند

51- 'فکرِ شاعرانہ' کس شاعر کے کلام کی ایک خصوصیت ہے؟

(A) مومن (B) ناسخ

(C) غالب (D) میر

52- ترقی پسند تحریک کس صدی کی تحریک ہے؟

(A) سترہویں صدی (B) اٹھارہویں صدی

(C) انیسویں صدی (D) بیسویں صدی

53- 'الفاروق' کے مصنف کا نام ہے؟

(A) خواجہ الطاف حسین حالی (B) سر سید احمد خاں

(C) علامہ شبلی نعمانی (D) محمد حسین آزاد

54- 'قصیدہ' کس لفظ سے مشتق ہے؟

(A) قاصد (B) قصد

(C) مقصد (D) مقصود

55- 'کھیتی' کس کا ڈرامہ ہے؟

(A) آغا حشر کاشمیری (B) امانت لکھنوی

(C) امتیاز علی تاج (D) محمد مجیب

56- 'بنجارہ نامہ' کس کی نظم ہے؟

(A) نظیر اکبر آبادی (B) الطاف حسین حالی

(C) اکبر الہ آبادی (D) اقبال

57- کن شاعروں کے عہد کو اردو شاعری کا عہدِ زریں کہا جاتا ہے؟

(A) ذوق و غالب (B) میر و سودا

(C) آتش و دبیر (D) آتش و ناسخ

58- مضمون 'الکشن' کس کا لکھا ہوا ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) پطرس بخاری

(C) کنہیالال کپور (D) پریم چند

59- تشبیب کس شاعری کا لازمی جز ہے؟

(A) مرثیہ (B) قصیدہ

(C) غزل (D) نظم

60- اس میں کون سی مثنوی میر حسن کی لکھی ہوئی ہے؟

(A) دریائے عشق (B) سحر البیان

(C) پھول بن (D) گلزارِ نسیم

61- عودِ ہندی کیا ہے؟

(A) خطوط کا مجموعہ (B) گیت کا مجموعہ

(C) غزلوں کا مجموعہ (D) انشائیوں کا مجموعہ

62- بین کس شاعری کا لازمی حصہ/جز ہے؟

(A) قصیدہ (B) غزل

(C) مرثیہ (D) نظم

63- جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مطلع (B) ردیف

(C) قافیہ (D) مقطع

64- 'مرأۃ العروس' کے خالق کا نام ہے؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) شبلی

(C) حالی (D) سرسید

65- 'قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان' کہاں پر واقع ہے؟

(A) کلکتہ (B) دہلی

(C) پٹنہ (D) اعظم گڑھ

66- اڑیسہ اردو اکادمی، بھونیشور کے سہ ماہی رسالہ کا کیا نام ہے؟

(A) شمعِ ادب (B) ایوانِ ادب

(C) فروغِ ادب (D) محبوبِ ادب

67- 'دیا سلائی' کس کا انشائیہ ہے؟

(A) سید عابد حسین (B) رشید احمد صدیقی

(C) خواجہ حسن نظامی (D) حالی

68- 'ادب میں جدیدیت کا مفہوم' کا مصنف کون ہے؟

(A) آلِ احمد سرور (B) ممتاز حسین

(C) کلیم الدین احمد (D) علی سردار جعفری

69- 'اے مادرِ ہندوستاں' نظم کے خالق ہیں؟

(A) فراقؔ گورکھ پوریؔ (B) فیض احمد فیضؔ

(C) علی سردار جعفری (D) علامہ جمیل مظہری

70- 'ایک لڑکا' نظم کا شاعر کون ہے؟

(A) ساحرؔ لدھیانوی (B) سکندر علی وجدؔ

(C) مخدومؔ محی الدین (D) اختر الایمان